PhD (Economics)/E.T/2021

Booklet Serial No.

دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (معاشیات) انٹرنس ٹسٹ - 2021

## PhD (Economics) Entrance Test - 2021

## Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔

2. یہ پرچۂ سوالات کل 16 صفحات پر مشتمل ہے۔آخر کا ایک صفحہ Rough Work کے لیے ہے۔اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔

3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (D) (C) (B) (A) جوابات دیے گئے ہیں۔سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔

4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔

6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔

7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہء سوالات اپنے ساتھ لیجاسکتے ہیں۔

☆☆☆

# (Part A) حصہ اول
# Research Methodology

1. ذیل کی کون سی خصوصیت کیفی تحقیق (Qualitative Research) کے لیے کلیدی حیثیت رکھتی ہے؟
   (A) مستند تحقیقی آلات کی مدد سے معلومات جمع کرنا
   (B) احتمال بر نمونہ Probability Sampling کے طریقے پر نمونہ کی تشکیل کرنا
   (C) از نیچے تا اوپر تجربدی شواہد (Empirical Evidence) کے طرز پر معلومات جمع کرنا
   (D) از اوپر تا نیچے تخطیطی شواہد (Schematic Evidence) کے طرز پر معلومات جمع کرنا

2. ٹپیٹ (Tippit) ٹیبل سے کیا مراد ہے؟
   (A) اتفاقی ہندسوں کی جدول
   (B) نمونہ لینے کے طریقوں میں استعمال ہونے والی جدول
   (C) شماریاتی تفتیش میں استعمال ہونے والا جدول
   (D) یہ سبھی

3. مفروضوں کی جانچ کے تناظر میں مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان صحیح ہے؟
   (A) صرف مفروضہ بدل (Alternate Hypothesis) ہی کی جانچ کی جاسکتی ہے
   (B) صرف مفروضہ عدم (Null Hypothesis) ہی کی جانچ کی جاسکتی ہے
   (C) مفروضہ عدم و بدل دونوں کی جانچ کی جاسکتی ہے
   (D) مفروضہ عدم و بدل دونوں کی جانچ نہیں کی جاسکتی ہے

4. مندرجہ ذیل میں سے کون تحقیق کی خصوصیات کی مطابق نہیں ہے؟
   (A) تحقیق غیر فعال (Process) نہیں ہے
   (B) تحقیق منظّم (Systematic) ہے
   (C) تحقیق کوئی مسئلہ پر مبنی نہیں ہے
   (D) تحقیق کوئی عمل نہیں ہے

5. کون سا نمونہ غیر احتمالی نمونہ (Non-Probability Sampling) کہلاتا ہے؟
   (A) کوٹہ نمونہ (Quota Sampling)
   (B) خوشہ جاتی نمونہ (Cluster Sampling)
   (C) منظّم نمونہ (Systematic Sampling)
   (D) اتفاقی طبقہ جاتی نمونہ (Stratified Random Sampling)

6. مقالہ کے بنیادی عناصر کیا ہیں؟
   (A) تعارف: مجتمع معلومات، تجزیۂ معلومات، نتائج اور سفارشات
   (B) منصوبۂ تحقیق، معلوماتِ تحقیق، تجزیہ، حوالہ جات
   (C) تعارف، ادب کا جائزہ، تحقیق کے طریقۂ کار، نتائج، بحث و مباحثے
   (D) خلاصۂ اجرائی، ادب کا جائزہ، مجتمع معلومات، نتائج، کتابیات

7. آبادی محدود ہونے پر عام طور پر کس طریقہ کار کی پیروی کی جاتی ہے؟

(A) منظّم (Systematic) نمونہ کا طریقہ کار
(B) مقصدی (Purposive) نمونہ کا طریقہ کار
(C) علاقہ (Area) جاتی نمونہ کا طریقہ کار
(D) ان میں سے کوئی نہیں

8. ایف (F) ٹیسٹ کیا ہے؟

(A) یک دم کا ٹیسٹ
(B) مفروضوں پر منحصر ہے، یک دم کے علاوہ دو دم
(C) یک دم ٹیسٹ بھی نہیں ہوسکتا
(D) ان میں سے کوئی نہیں

9. فیکٹوریل تجزیہ کا کیا استعمال ہے؟

(A) مفروضے طے کرنے کے لیے
(B) دو متغیرات کے درمیان فرق کو سمجھنے کے لیے
(C) دو متغیرات کے مابین تعلقات کو سمجھنے کے لیے
(D) مختلف متغیرات کے درمیان فرق کو سمجھنے کے لیے

10. مندرجہ ذیل جملے میں سے کون سا عمل تحقیق کے معنی سے مماثل نہیں ہے؟

(A) مسئلہ حل کرنا
(B) سعی وخطا
(C) مقصد آبزرویشن
(D) منظّم سرگرمی

11. ایک چھوٹا سے حصہ پر کیے جانے والے مشاہدے کی بنا پر پوری آبادی کے بارے میں اندازہ لگانے کو کیا کہلاتا ہے؟

(A) کاذب تشخیص
(B) معروضی تشخیص
(C) استقرائی تشخیص
(D) استخراجی تشخیص

12. کیفی معلومات (Qualitiative Data) جمع کرنے کے لیے کون سا طریقہ استعمال کیا جاسکتا ہے؟

(A) نمونے (بصری)
(B) لوگ
(C) میڈیا پروڈکٹ (متنی، بصری اور حسی)
(D) یہ سبھی

13. 20 سے 24 سال عمر کی افریقی خواتین کے قد کی تقسیم تقریباً عام طور پر 65.5 انچ اور 2.5 انچ کے معیاری انحراف کے ساتھ منقسم ہوتی ہے۔ چھ فٹ لمبی عورت کے لیے زیڈ (Z) سکور کا حساب لگائیں۔

(A) 2.60
(B) 4.11
(C) 1.04
(D) 1.33

14. رجعت خطی Linear Regression میں حائلہ Intercept مندرجہ ذیل میں سے کس کی نمائندگی کرتا ہے؟

(A) x اور y کے مابین تعلقات کی مضبوطی
(B) متوقع x کی قدر جب y صفر ہے
(C) متوقع y کی قدر جب x صفر ہے
(D) آبادی کا عامل

.15 ایک تفتیش کار نے اطلاع دی ہے کہ رجعت غلطی کے دو ضریب رجعت (Regression Coefficient) کا اوسط 0.7 ہے اور ضریب ارتباط Correlation Coefficient, 0.75 ہے۔ تو اس کے نتائج کیا ہیں؟

(A) درست (B) غلط

(C) بے نتیجہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

.16 اگر $\beta_{YZX}>1$ ہے، تو $B_{XY}$ کیا ہے؟

(A) 1 سے کم (B) 1 سے زیادہ

(C) 1 کے برابر (D) 0 کے برابر

.17 ضریب رجعت (Regression Coefficient) کس سے آزاد ہے؟

(A) مبدا (Origin) (B) پیمانہ (Scale)

(C) مبدا اور پیمانہ دونوں (D) نہ مبدا اور نہ ہی پیمانہ

.18 کائی مربع (Chi-Square) ٹیسٹ میں گنتی کا ایک مجموعہ شامل ہوتا ہے جسے "متوقع گنتی" کہا جاتا ہے۔ اس تعلق سے متوقع شمار کیا ہیں؟

(A) فرضی شمار جو کہ مفروضہ بدل کے درست ہونے کی صورت میں پائے جائیں

(B) فرضی شمار جو کہ مفروضہ عدم کے درست ہونے کی صورت میں پائے جائیں۔

(C) اصل گنتی جو مشاہدہ کے اعداد و شمار میں ہوتی ہے

(D) مشاہدہ شدہ گنتی اگر نمائندہ ہو تو متوقع طویل المدت گنتی

.19 دو ضریب ہائے رجعت $\beta_{XY}$ اور $\beta_{YX}$ کا ہندسی اوسط (Geometric Mean) کس کے برابر ہوگا؟

(A) r (B) $r^2$

(C) 1 (D) ان میں سے کوئی نہیں

.20 ایک متوازن تقسیم (Symmetrical Distribution) کے لیے مندرجہ ذیل سے کیا صحیح ہے؟

(A) $\beta_1>0$ (B) $\beta_1<0$

(C) $\beta_1=0$ (D) $\beta_1=3$

.21 کسی سلسلہ میں اوسط سے منسلک قدروں کے انتشار کو کیا کہتے ہیں؟

(A) رجحان مرکزی (Central Tendency) (B) تفرق (Dispersion)

(C) کجی (Skewness) (D) مماثلت (Symmetry)

22. اگر متغیر X کے مشاہدات 4- ,20- ,30- ,44- اور 36- ہیں تو اس کے احاطہ Range کی قدر کیا ہوگی؟

(A) -48
(B) 40
(C) -40
(D) 48

23. دو متغیر کے ایک دوسرے کے ساتھ چلنے کا شماریاتی درجہ کیا کہلاتا ہے؟

(A) Coefficient of Variation
(B) Variance
(C) Covariance
(D) Certainty Equivalent

24. وہ تحقیق جو خاص طور پر مطالعے کے مفروضوں کو جانچنے اور اس کی توثیق کرنے کے لیے کی جاتی ہے؟

(A) بنیادی تحقیق (Fundamental Research)
(B) عملی تحقیق (Applied Research)
(C) قطعی تحقیق (Conclusive Research)
(D) اکتشافی تحقیق (Exploratory Research)

25. اثر دار متغیر کو کیا کہا جاتا ہے؟

(A) آزاد (Independent)
(B) منحصر (Dependent)
(C) مستقل (Constant)
(D) ان میں سے کوئی نہیں

26. نیشنل سیمپل سروے (این ایس ایس) تیار کرنے کی ذمہ داری کس Agency پر ہے؟

(A) وزارت زراعت
(B) وزارت منصوبہ بندی
(C) یوجنا بھون
(D) نیتی آیوگ

27. کون سا تحقیقی نقطۂ نظر عملیت کے عملیاتی نقطۂ نظر پر مبنی ہے؟

(A) تحقیق بہ کمیت (Quantitative Research)
(B) تحقیق بہ کیفیت (Qualitative Research)
(C) مخلوط طریقہ کار پر مبنی تحقیق (Mixed Method Research)
(D) یہ سبھی

28. اخلاقیات کے بارے میں ایک بنیاد پرستانہ نقطۂ نظر مندرجہ ذیل میں سے کیا تجویز کیا گیا ہے؟

(A) محققین اپنی مرضی کے مطابق کچھ بھی کر سکتے ہیں
(B) اخلاقی اقدامات کی جانچ پڑتال کی فہرست کا استعمال ضروری ہے
(C) اخلاقیات خود انعکاسی پر مبنی ہونی چاہیے
(D) ادارہ جاتی جائزہ بورڈ کے اختیارات کو مستحکم کیا جانا چاہیے

29. مندرجہ ذیل میں سے کون سا طریقہ نمونے لینے میں کم سے کم خطا (Least Sampling Error) کا امکان پیدا کرے گا؟

(A) سہولت پر مبنی نمونے ایک بڑا نمونہ
(B) اتفاقی نمونے پر مبنی ایک چھوٹا نمونہ
(C) اتفاقی نمونے پر مبنی ایک بڑا نمونہ
(D) کرۂ برفی کا ایک بہت بڑا نمونہ

30. ایک ترتیبی پیمانہ (Ordinal Scale) کیا ہوتا ہے؟

(A) پیمائش کی آسان ترین شکل
(B) قطعی صفر نقطہ والا پیمانہ
(C) پیمائش کا درجہ بندی کا پیمانہ
(D) صفوں کے مابین مساوی وقفوں والا پیمانہ

31. تذکیری گروہ (Focus Group) کے بارے میں مندرجہ ذیل میں سے کیا ہمیشہ درست نہیں ہے؟

(A) مثالی سائز عام طور پر 6 اور 12 شرکاء کے درمیان ہوتا ہے
(B) ناظمین کو اپنے آپ کو گروپ سے تعارف کرانا چاہیے
(C) شرکاء کو مختلف پس منظر سے آنا چاہیے
(D) ناظم نے پہلے سے طے شدہ سوالات اٹھانے چاہئیں

32. اوسط سے جس قدر دور موجود قدروں کی پیمائش کس کے ذریعہ کی جاتی ہے؟

(A) The Mode
(B) The Normal Distribution
(C) The Standard Deviation
(D) The Variance

33. اہمیت کی سطح Level of Significant ........ ہے؟

(A) اعداد و شمار کی جانچ پڑتال کے بعد طے کی جاتی ہے
(B) ہمیشہ 0.05 پر سیٹ کیا جاتا ہے
(C) ایک درست مفروضہ عدم کو مسترد کرنے کے امکان کی پیمائش کرتا ہے
(D) پی ویلیو فراہم کرتا ہے

34. کائی مربع ٹیسٹ (Chi-Square Test) کا اطلاق کرتے ہوئے کسی بھی سیل میں تعداد.................نہیں ہونی چاہیے۔

(A) 5 سے زیادہ
(B) 5 سے کم
(C) 10 سے زیادہ
(D) 10 سے کم

35. تغیر کے تجزیہ Analysis of Variance کی تکنیک.......................نے تیار کی گئی تھی۔

(A) فرینک ول کوکسن
(B) کارل پیئرسن
(C) رونالڈ اے فشر
(D) کولموگروف

36. غیر عامل ٹیسٹ (Non Parametric Test) کو بعض اوقات کیا کہا جاتا ہے؟

(A) بلا تقسیم ٹیسٹ (Distribution Free Test)
(B) عامل سے متعلق نہیں
(C) تقسیم کی مخصوص شکل پر منحصر نہیں ہے
(D) ان میں سے کوئی نہیں

37. تغیرات کا تجزیہ.......................کا استعمال کرتا ہے۔

(A) F test
(B) Chi Square test
(C) Z test
(D) t test

38. کسی بھی اعدادی تقسیم کے اوسط سے اتفاقی اور غیر اتفاقی انحرافات کے درمیان کی تقسیم کار خطوط کو کیا کہا جاتا ہے؟

(A) Upper Control Limit
(B) Lower Control Limit
(C) Control Limits
(D) Two Sigma Limit

39. موافقت مناسبت (Goodness of Fit) کی جانچ کے لیے کس Test کا استعمال کیا جاتا ہے؟

(A) Wilcoxin Test
(B) Sign Test
(C) K-S Test
(D) ان میں سے کوئی نہیں

40. امکان خطا (Probable Error) کا استعمال کیوں کیا جاتا ہے؟

(A) ضریب ارتباط کی اعتباریت کی جانچ کرنے کے لیے
(B) ضریب ارتباط کی خطا کی جانچ کرنے کے لیے
(C) A اور B دونوں
(D) ان میں سے کوئی نہیں

41. دو خطوط رجعی (Point of Intersection) کے انقطاع کا نقطہ کیا ہے؟

(A) (0,0)
(B) (1,1)
(C) (x,y)
(D) $(\bar{x}, \bar{y})$

42. یہ خصوصیت کہ " $b_{yx}>1$ کا مطلب یہ ہے کہ $b_{xy}<1$ " کو کیا کہا جاتا ہے؟

(A) Fundamental Property
(B) magnitude Property
(C) Signature Property
(D) ان میں سے کوئی نہیں

43. مفروضے کی جانچ کا خیال سب سے پہلے.......................کے ذریعہ پیش کیا گیا تھا۔

(A) R. A. Fisher
(B) J. Neyman
(C) E.L. Lehman
(D) A. Wald

44. مفروضۂ عدم کے بارے میں ایک غلط فیصلہ کس قسم کے Error کا باعث بنتا ہے؟

(A) ایک قسم کی خطا (One kind of error)
(B) دو قسم کی خطا (Two kinds of error)
(C) تین قسم کی خطا (Three kinds of errors)
(D) چار قسم کی خطا (Four kinds of error)

45. مفروضوں کی جانچ $H_o : \mu = 85$ بمقابلہ $H_1 : \mu > 85$ کس قسم کا ٹیسٹ ہے؟

(A) One sided left tailed test
(B) One sided right tailed test
(C) Two tailed test
(D) ان میں سے کوئی نہیں

46. مشاہدہ تعدد (Observed Frequencies) اور متوقع تعدد (Expected Frequencies) کے مابین فرق کی شدت کو............کہا جاتا ہے

(A) F Value
(B) Z Value
(C) t Value
(D) Chi-square Value

47. رنز ٹیسٹ......................کے ذریعہ ڈیزائن کیا گیا تھا؟

(A) Kruskal and Wallis
(B) Kolmogrov and Smirnov
(C) Wald wolfowitz
(D) Karl Pearson

48. جب ایک متغیر میں تبدیلی کی مقدار دوسرے متغیر میں تبدیلی کے مستقل تناسب کی طرف لے جاتی ہے تو پھر ارتباط کو.................کہا جاتا ہے۔

(A) خطی (Linear)
(B) غیر خطی (Non-Linear)
(C) مثبت
(D) منفی

49. Multicollinearity ......................میں دو یا زیادہ آزاد متغیر کے مابین اعلیٰ باہمی ربط کی موجودگی کو کہتے ہیں۔

(A) Multiple Regression Model
(B) Autocorrelation
(C) Multicollinearity
(D) یہ سبھی

50. "Heteroscedasticity" کا کیا مطلب ہے؟

(A) خطا کا تفق مستقل نہیں ہے (The variance of the error is not constant)
(B) منحصر متغیر کا تفرق (Variance) مستقل نہیں ہے
(C) خطا کا اوسط غیر از صفر ہے (The errors have non-zero mean)
(D) ان میں سے کوئی نہیں

## حصہ دوم (Part B)

## Economics

51. اگر اوسط گھریلو آمدنی میں اضافہ ہوا اور ہم یہ پائیں کہ گوشت کی طلب میں اضافہ ہوا ہے تو گوشت ایک.................. شئے ہوگا۔

(A) ادنی شئے (Inferior Good) (B) طبیعی شئے (Normal Good)

(C) اضافی شئے (Surplus Good) (D) ناگزیر شئے (Necessity)

52. گوشۂ حل (Corner Solution) جب پیدا ہوتا ہے تو صارف کا ایم آر ایس لازمی طور پر.................. کے مساوی نہیں ہوتا ہے

(A) قیمت کا تناسب (B) مقدار کا تناسب

(C) A اور B (D) ان میں سے کوئی نہیں

53. اجارہ داری کا لرنز اشاریہ کیسے معلوم کیا جاتا ہے؟

(A) L = (P-MC) / AC (B) L = (P-AC) / P

(C) L = (P-MC) / TC (D) L = (P-MC) /P

54. عوامی اشیاء کی عمدہ مثال مندرجہ ذیل میں سے کون ہے؟

(A) آندھرا کے ساحل پر ایک لائٹ ہاؤس (B) سپر باؤل کے لیے ٹکٹ

(C) ایک گرینولا بار (D) ایک کپ کافی

55. دو افراد (A اور B) اور دو اشیاء (X اور Y) کے لیے کب کہا جاتا یہ کہ پیداوار اور تبادلہ کا عام توازن حاصل ہوا ہے؟

(A) $MRTS_{XY} = P_X/P_Y$ (B) $MRS_{XY} = P_X/P_Y$

(C) $(MRS_{XY})_A = (MRS_{XY})_B$ (D) $MRTS_{XY} = (MRS_{XY})_A = (MRS_{XY})_B$

56. کامل مسابقتی فرم اور صنعت کا توازن کب ہوتا ہے؟

(A) P = MR = SMC = LMC (B) P = MR = SMC = LAC

(C) P = MR = Lowest Point on LAC Curve (D) یہ سبھی

57. کورنو ماڈل کے مطابق مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان غلط ہے؟

(A) ڈوپولسٹس ایک دوسرے پر انحصار کو نہیں مانتے ہیں (B) ہر ڈوپولسٹ سوچتا ہے کہ دوسروں کی مقدار مستقل ہے

(C) ہر ڈوپولسٹ سوچتا ہے کہ دوسروں کی قیمت مستقل ہے (D) مستحکم حل موجود ہوتا ہے

58. کووڈ -19 کی وجہ سے ہونے والی دشواریوں کے مدنظر Reserve Bank of India نے 22 مارچ 2020 کو تمام بینکوں کے CRR کو کتنے فیصد تک کم کیا تھا؟

(A) 3.0 (B) 3.5

(C) 3.6 (D) 4.5

59. اگر کسی ملک میں 2 فیصد ملازم اپنی ملازمت سے محروم ہوجاتے ہیں اور 20 فیصد بے روزگار ہر سال اپنی ملازمت حاصل کرتے ہیں تو ملک میں بے روزگاری کی مستقل شرح Steady State of Unemployment کیا ہوگی؟

(A) 8% (B) 10%

(C) 7% (D) 9%

60. اگر صارفین مستقل آمدنی والے قیاس آرائیوں کی پابندی کرتے ہیں اور معقول توقعات رکھتے ہیں، تو اگر حکومت اگلے سال ٹیکس نافذ کرنے کا اعلان کرتی ہے تو اس سال صرف کیا تبدیلی پیش آئے گی؟

(A) کمی (B) بیشی

(C) ساکت (D) کچھ نہیں

61. اشیاء و زر بازار میں بیک وقت توازن موجود ہوتا ہے۔

(A) لامحدود سود اور پیداوار کی سطح پر (B) صرف محدود پیداوار اور سود کی سطح پر

(C) لامحدود سود اور پیداوار کے صرف ایک پوائنٹ پر (D) پیداوار کی ایک محدود سطح پر اور شرح سود کی لامحدود تعداد میں

62. مالیاتی اتھاریٹی (Monetary Authority) کے ذریعہ رقم کی فراہمی میں اضافے کا پیداوار پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

(A) تیز ڈھلوان کا IS خط اور عمودی LM خط ہے (B) عمودی IS خط اور تیز ڈھلوان کا LM خط ہو

(C) عمودی IS خط کے ساتھ نسبتاً افقی LM خط (D) تیز ڈھلوان کا LM خط اور IS خط

63. مندرجہ ذیل میں سے کیا ہندوستان کی خالص برآمد میں اضافے کا باعث نہیں ہے؟

(A) ہندوستانی روپے کی قدر میں کمی (B) تجارتی شراکت داروں کی پیداوار میں اضافہ

(C) تجارتی شراکت داروں کے ذریعہ ٹیرف کی رکاوٹ ختم کردی گئی (D) تجارتی شراکت داروں کی کرنسی کی قدر میں کمی

64. متعین شرح تبادلہ (زرمبادلہ) کے ساتھ مندرجہ ذیل میں سے کیا ہندوستان کی پیداوار میں اضافہ نہیں کرتا ہے؟

(A) رقم کی فراہمی میں اضافہ (B) اخراجات میں اضافہ

(C) ٹیکس میں کمی (D) A اور C دونوں

65. منعطف(Flexible) زرمبادلہ کی شرح کے ساتھ ہندوستان کے ٹیکسوں میں کمی کا کیا اثر پڑے گا؟

(A) پیداوار پر کوئی اثر نہیں
(B) پیداوار میں اضافہ
(C) کل برآمدات میں اضافہ
(D) روپے کی قدر میں کمی

66. مزدوروں کی فراہمی کی شرح نمو میں اضافے کا کیا اثر ہوگا؟

(A) مستحکم حالت (Steady - State) K / L پر صفر اثر
(B) مستحکم حالت K / L پر مثبت اثر پڑتا ہے
(C) مستحکم حالت K / L پر منفی اثر پڑتا ہے
(D) مستحکم حالت میں فی مزدور پیداوار میں اضافہ

67. Life Cycle Hypothesis مندرجہ ذیل میں کس سے متعلق ہے؟

(A) موجودہ آمدنی
(B) متوقع زندگی بھر کی آمدنی
(C) زندگی میں قیمت کی توقع
(D) A اور C دونوں

68. مشہور کتاب Planned Economy of India کے مصنف کون ہیں؟

(A) M. N. Roy
(B) M. N. Srinivasan
(C) M. Visvesvaraya
(D) M. N. Murthy

69. ایف آر بی ایم ایکٹ (Fiscal Responsibility and Budget Management Act) ۔ 2003 کے مطابق، جی ڈی پی کا مالی خسارہ کس حد تک محدود ہونا چاہیے؟

(A) 4%
(B) 2%
(C) 6%
(D) 3%

70. بائینومیئل تقسیم کا Variance کیا ہے؟

(A) $\sigma^2 = npq$
(B) $\sigma = npq$
(C) $\sigma^2 = np$
(D) ان میں سے کوئی نہیں

71. اگر ایک منصفانہ ڈائی کو 25 بار پھینکا جاتا ہے تو، متوقع تعداد جب کہ 5 ظاہر ہو، اس امر کا Variance کیا ہوگا؟

(A) 5
(B) 4
(C) 6
(D) 2

72. R-Square کی قدر کن دو کے درمیان ہوتی ہے؟

(A) 0 to 1
(B) -1 to +1
(C) 0 to 2
(D) 0 to infinity

73. اعدادخطا (Error Terms) کے درمیان مستقل ارتباط کس کو ظاہر کرتا ہے؟

(A) Multicollinearty
(B) Heteroscedasticity
(C) Autocorrelation
(D) Correlation

74. Multicollinearity کے خلاف جدوجہد کرنے میں کون سا عمل کوئی معنی نہیں رکھتا؟

(A) ماڈل میں مزید Regressors شامل کریں
(B) مزید مشاہدات میں اضافہ کریں
(C) ماڈل میں Regressors کی تعداد کم کریں
(D) ان میں سے کوئی نہیں

75. ڈربن واٹسن کی قدر کس کے درمیان موجود ہوتی ہے؟

(A) -4 and 4
(B) 0 and infinte
(C) 0 and 4
(D) 0 and 1

76. Heteroscedasticity کس میں بالعموم زیادہ پائی جاتی ہے؟

(A) Time Series Data میں Cross Section Data کے مقابلے میں
(B) Cross Section Data میں Time Series Data کے مقابلے میں
(C) Panel Data
(D) Meta Data

77. Autocorrelation سے متعلق مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟

(A) متواتر اعدادخطا میں باہمی ارتباط موجود ہے
(B) Regressors کے درمیان ارتباط موجود ہے
(C) اعدادخطا کی مشروط تقسیم یاساکت ہے
(D) متواتر اعدادخطا یا مشاہدات کے درمیان ارتباط ہے

78. جب وضاحتی متغیر میں پیمائش کی غلطیاں موجود ہوں تو وہ کیا کرتے ہیں؟

(A) ماڈل پیرامیٹرز کا کم تخمینہ لگانا
(B) اعلیٰ پیرامیٹر کا مستقل تخمینہ
(C) پیرامیٹرز کا مستقل تخمینہ ناممکن ہے
(D) پیچیدہ کا مستقل تخمینہ

79. $Y = a + bX^2 + u$ کے تعلق سے کیا درست ہے؟

(A) $a + b > 0$
(B) $a + b < 0$
(C) $a + b = 0$
(D) یہ سبھی

80. دوغیراسٹیشنری متغیرات Yt اور Xt مربوط ہوں گے اگر

(A) Yt on Xt کے ریگریشن کے Residuals غیراسٹیشنری ہیں
(B) Yt on Xt کے ریگریشن کے Residuals میں ایک خطی رجحان ہے
(C) Yt on Xt کے ریگریشن کے Residuals اسٹیشنری ہیں
(D) Yt on Xt کے ریگریشن کے Residuals میں چارجہتی رجحان موجود ہے

81. اجارہ دارانہ فرم کی صورت میں کیا ہمیشہ صحیح ہے؟

(A) قیمت= اوسط آمدنی(Average Revenue = Price)
(B) قیمت = مختتم آمدنی (Marginal Revenue = Price)
(C) قیمت= کل آمدنی (Total Revenue = Price)
(D) مختتم آمدنی= مختتم لاگت(Marginal Cost = Marginal Revenue)

82. جب ایک فرم زائد استعداد (Excess Capacity) کیساتھ کام کرتی ہے:

(A) تو یہ ضرور ایک مکمل مسابقتی فرم ہوگی
(B) تو یہ ضرور ایک اجارہ دارانہ مسابقتی فرم ہوگی
(C) اضافی پیداوار(Additional Production) اوسط لاگت کو بڑھادے گا
(D) اضافی پیداوار اوسط لاگت کو کم کردے گا

83. ریزرو بینک آف انڈیا (RBI) نے فنانشیل انکلوژن ایڈوائزری کمیٹی (FIAC) کس سال میں قائم کی گئی تھی؟

(A) 2012
(B) 2013
(C) 2015
(D) 2016

84. اشیاء میرٹ (Merit Goods) کے نظریہ کو کس نے پیش کیا؟

(A) سمویلسن (Samuelson)
(B) لینڈ ھال (Lindhal)
(C) مارشل (Marshall)
(D) مسگریو (Musgrave)

85. لینڈ ھال نمونہ (Lindhal Model) کس پر منحصر ہے؟

(A) سماجی لاگت (Social Cost)
(B) محصول کے بٹوارے کا تناسب(Tax Distribution Ratio)
(C) اضافی محصول (Excess Tax)
(D) محصول کا خسارہ (Tax Deficit)

86. قومی آمدنی(National Income) عمومی طور پر کیا ہے؟

(A) $NDP_{MP}$
(B) $NNP_{MP}$
(C) $NNP_{FC}$
(D) $NDP_{FC}$

87. جب بچت میں 30- سے 20- کی تبدیلی ہوتیہے تو تبدیلی بحث کتنی ہے؟

(A) -10
(B) 10
(C) -20
(D) -30

88. بولی کی شرح (Bid Rates)اور فروخت کی شرح (Selling Rates) کے درمیان فرق کو کیا کہتے ہیں؟

(A) منافع (Profit)
(B) ثالثی (Arbitrage)
(C) پھیلاؤ (Spread)
(D) آگے کی لین دین (Forward Transaction)

89. غیر ملکی زرمبادلہ کے خطرہ (Foreign Exchange Risk) کو کم کرنے یا ڈھانپنے کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟

(A) قیاس (Speculation)　　(B) ہیجنگ (Hedging)

(C) مداخلت (Intervention)　　(D) ثالثی (Arbitrage)

90. اگر Disposable Income 400 روپے ہے Autonomous Consumption 60 روپے ہے اور MPC 0.8 ہے تو بچت کیا ہوگی؟

(A) 210 روپے　　(B) 20 روپے

(C) 380 روپے　　(D) 590 روپے

91. اگر کسی انسان کی Disposable Income 30000 روپے سے بڑھ کر 40,000 روپے ہو جاتی ہے اور بچت 2000 روپے سے بڑھ کر 4000 روپے ہو جاتی ہے تو اس انسان کی MPS کیا ہوگی؟

(A) 0.4　　(B) 0.2

(C) 0.5　　(D) 1.0

92. جب کسی حکومت کا مجموعی خرچہ (Overall Expenditure) اس کے مجموعی آمدنی (Overall Receipts) سے زیادہ ہو تو اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) بجٹ کا خسارہ (Budget Deficit)　　(B) آمدنی کا خسارہ (Revene Deficit)

(C) مالی خسارہ (Fiscal Deficit)　　(D) زری خسارہ (Monetized Deficit)

93. درج ذیل میں سے کیا MPI کا جز (Component) نہیں ہے؟

(A) صحت (Health)　　(B) تعلیم (Education)

(C) پیشہ (Occuptation)　　(D) معیار زندگی (Standard of Living)

94. سابقہ (Ex-ante) اور بعد وقوع (Ex-post) Terms کو کس نے پیش کیا؟

(A) ریکارڈو (Ricardo)　　(B) مردال (Myrdal)

(C) مالتھس (Malthus)　　(D) جے بی سے (J. B. Say)

95. زندگی کے اشاریہ کا طبعی معیار (Physical Quality of Life Index) جن تین عناصر کا مجموعہ ہے۔ وہ ہیں۔

(A) بچوں کی اموت کا شرح، متوقع عمر کی شرح اور بالغ خواندگی کی شرح　　(B) جرم کی شرح، صاف ماحول، رہائش کا معیار

(C) ہوا کی آلودگی کیش رح، پانی کی آلودگی کی شرح، صفائی　　(D) صحت، تعلیم، ماحول

96. سماجی دوہرے پن (Social Dualism) کے نظریہ کو کس نے پیش کیا؟

(A) اے۔ لیوس (A. Lewis)　　(B) جی مردل (G. Myrdal)

(C) جے ایچ بوئیکے (J. H. Boece)　　(D) اے او ہرشمن (A. O. Hirshman)

97. ایسے نمونے کو بتائیں جو سنہری دور کے توازن (Golden Age Equilibrium) سے منسلک ہے۔

(A) کالڈور کا نمونہ (Kaldor Model)
(B) روبنسن کا نمونہ (Robinson Model)
(C) کینز کا نمونہ (Keynes Model)
(D) ڈومر کا نمونہ (Domar Model)

98. سین کا فلاحی نظریہ (Sen's Welfare Theory) کس پر منحصر ہے؟

(A) فرد کی کامیابی (Individual's Accomplishement)
(B) فرد کی صلاحیتیں (Individual's Capabilities)
(C) فرد کی دولت (Individual's Wealth)
(D) فرد کی تعلیم (Individual's Education)

99. کسی ملک کے بین الاقوامی تجارت کے کھلے پن کو کیسے ناپا جا سکتا ہے؟

(A) درآمد + برآمد + جی ڈی پی (Export + Import + GDP)
(B) برآمد - درآمد - جی ڈی پی (Export - Imports - GDP)
(C) (برآمد + درآمد) / جی ڈی پی (Exports+Imports)GDP
(D) (برآمد + درآمد) x جی ڈی پی (Exports + Imports) x GDP

100. اگر MPC = 0 ہے تب ضارب (Multiplier) کتنا ہوگا؟

(A) 1
(B) 0
(C) $\infty$
(D) -1

☆☆☆

Rought Work